© rasailojaraid.com

پھر حجاج نے پوچھا کہ پروردگار ان میں سے کس سے زیادہ راضی ہے؟

سعید بن جبیرؒ نے جواب دیا کہ اس کا علم تو اسی کو ہے جو ان کے بھید جانتا ہے۔

پھر حجاج نے پوچھا کہ یہ تمہارا کیا حال ہے تم ہنستے کیوں نہیں ہو؟

جواب میں فرمایا کہ وہ کیوں کر ہنس سکتا ہے جو مٹی سے پیدا کیا گیا ہو، اور مٹی کو آگ کھا لیتی ہے۔

اس گفتگو کے بعد حجاج نے حکم دیا کہ یاقوت وزبرجد کا ڈھیر حضرت سعید بن جبیرؒ کے سامنے لگا دیا جائے۔ ممکن ہے کہ یہی جادو چل جائے اور حضرت سعید بن جبیرؒ عبد الملک بن مروان کی اطاعت قبول کر لیں۔ چنانچہ یاقوت وجواہر آپ کے سامنے لائے گئے۔ آپ نے ان کی طرف التفات نہ کرتے ہوئے ارشاد فرمایا۔

......کہ ”اگر تم نے یہ مال ودولت اس لیے جمع کیا ہے کہ اس کے ذریعہ سے قیامت کی سختیوں سے بچو تو بہتر ہے ورنہ ایسی مصیبت کا باعث بن جائے گی کہ جس مصیبت سے دودھ پلانے والی اپنے شیر خوار بچوں کو فراموش کر بیٹھے گی۔ دنیا کے لیے جو کچھ جمع کیا گیا اس میں کوئی خوبی اور بھلائی نہیں ہے۔ لیکن ہاں اگر مال حلال وطیب اور پاک وطاہر ہو تو مفید ہو سکتا ہے۔

پھر حجاج نے ستار اور بانسری طلب کیا اور ستار اور بانسری بجائی۔ حضرت سعید بن جبیرؒ اس کو سن کر رونے لگے۔ اس پر حجاج نے دریافت کیا کہ اس میں رونے کی کیا بات ہے یہ تو ایک کھیل ہے۔

حضرت سعید بن جبیرؒ فرمانے لگے کہ ”جس کو تم کھیل سمجھ رہے ہو یہ پیام غم ہے اور اس بانسری کے بجنے نے مجھے وہ دن یاد دلایا ہے جب صور پھونکا جائے گا۔“

حجاج نے پھر کہا کہ ”تمہارے لیے خرابی ہوا ے سعید!“۔

حضرت سعید بن جبیرؒ نے جواب دیا کہ ”اس کے لیے کوئی خرابی نہیں ہو سکتی جس کے لیے یہ مقدر ہو چکا ہے کہ وہ دوزخ سے نکال کر جنت میں داخل کر دیا گیا“۔

حجاج نے پھر دریافت کیا کہ ”اے سعید اپنے لیے تم کون سا طریقہ پسند کرتے ہو، میں تم کو قتل کروں؟“

حضرت سعید بن جبیرؒ نے جواب دیا کہ ”تم اپنے لیے اے حجاج! قتل ہونے کا جو طریقہ پسند کرو، اسی طرح مجھے قتل کرو۔ کیوں کہ خدا کی قسم تم مجھے جس طرح قتل کرو گے اللہ تم کو اسی طرح آخرت میں قتل کرے گا۔“

حجاج نے پھر پوچھا کہ ”کیا تم یہ چاہتے ہو کہ میں تم کو معاف کر دوں“۔

حضرت سعید بن جبیرؒ نے جواب دیا کہ ”معاف کرنا تو صرف اللہ ہی کا کام ہے۔“

حجاج نے اس گفتگو کے بعد حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو قتل کا حکم صادر کیا۔ آپ اس حکم کو سن کر

© rasailojaraid.com

